


# الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ (ٹرسٹ)

## فقید المثال خدما ت کی روشنی میں

www.akfwwt.org

بسم الله الرحمن الرحيم

# وَأَنفِقُواْ خَيۡرٗا لِّأَنفُسِكُمۡ

(سورۃ تغابن : آیت 16)

اللہ کی راہ میں خرچ کرو کہ اس میں تمہارے لئے بھلائی ہے

# تعارف

خدمتِ خلق کا کوئی مقصد نہیں بلکہ یہ خود ایک مقصد ہے۔
مقاصدِ حیات میں سرفہرست مقصد۔

الخدمت ٹرسٹ بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب بے سہارا اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروفِ عمل ایک ملک گیر ادارہ ہے۔ جو بطور رجسٹرڈ این جی او کام کر رہا ہے اور آج اس کا دائرہ کار آفات سے بچاؤ، صحت، تعلیم، کفالتِ یتامیٰ، صاف پانی، مواخات پروگرام اور دیگر سماجی خدمات تک پھیلا ہوا ہے۔ خدمات کی اس قوسِ قزح سے ملک بھر میں ہر سال لاکھوں افراد مستفید ہو رہے ہیں۔

آبادی کے نصف حصے پر مشتمل خواتین کیلئے تعلیم و تربیت کا بہترین نظام، انہیں ہنرمند بنا کر ایک باعزت فرد اور خود کفیل بنانا، یتیم بچیوں اور بیواؤں پر ہماری خاص توجہ مرکوز رہتی ہے۔ الخدمت نے نوجوان نسل کو بھی خدمت کے حقیقی شعور سے روشناس کروایا ہے۔ الخدمت کے یہ رضاکاران شاء اللہ ملک وقوم کیلئے تعمیر وترقی کا روشن مینار ثابت ہوں گے۔

یہی نہیں بلکہ ملک وقوم کی خواتین اور مخیر خاندانوں میں جذبۂ انفاق فی سبیل اللہ پیدا کرنے اور خدمتِ خلق کے کام کیلئے شعور و آگاہی کے ساتھ تربیت دینے اور خیر کے کاموں کیلئے انہیں منظم کرنے کا کام بھی الخدمت سرانجام دے رہی ہے۔

# OUR INTRINSIC VALUES
# ہماری حقیقی اقدار

## PLEASURE OF ALLAH
## رضائے الہٰی



# BENEFICIARIES & EXPENDITURE 2022


| Program | Beneficiaries | Expenditure |
|---|---|---|
| Disaster Management | 3,886,097 | 7,948 Million PKR |
| Orphan Care | 21,600 | 1,972 Million PKR |
| Clean Water | 4,876,650 | 407 Million PKR |
| Community Services | 2,970,588 | 1,730 Million PKR |
| Mawakhat Program | 2,232 | 101.28 Million PKR |
| Education Program | 71,885 | 256 Million PKR |
| Health Services | 9,962,917 | 5,344 Million PKR |

**21,800,945** BENEFICIARIES


**19.25** Billion PKR EXPENDITURE

Total expenditure also includes the amount spent on flood relief activities

# BENEFICIARIES & EXPENDITURE 2018-2022




Beneficiaries (Million)




Expenditure in PKR (Million)



# ناگہانی آفات

> مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے جو کوئی اپنے بھائی کے کام میں لگا رہے گا، اللہ تعالیٰ اس کے کام میں لگا رہے گا۔ جو کسی مسلمان کی پریشانی دور کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی بے چینی دور کرے گا۔ (صحیح بخاری)

پاکستان کو مستقل طور پر موسمیاتی تبدیلیوں اور ناگہانی آفات کا سامنا رہتا ہے۔ 2022 کے موسم گرما میں چولستان کے صحرا میں قحط سالی اور تاریخی بارش نے ملک بھر میں 33 ملین لوگوں کی زندگیوں اور معاش کو متاثر کیا۔ ساتھ ہی مویشی اور اہم انتظامی ڈھانچہ بھی تباہ ہوگیا۔ الخدمت کی ٹیموں نے ہمیشہ کی طرح اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے مربوط امدادی کاموں کو انجام دیا۔ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر اقدام اٹھائے گئے اور پھنسے ہوئے خاندانوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا۔ پناہ گاہوں میں کھانے اور ٹرکوں کے ذریعے امدادی سامان کی فراہمی، ملک کے متاثرہ علاقوں میں خیمہ بستیاں، باورچی خانے، میڈیکل کیمپ، فیلڈ ہسپتال، موبائل میڈیکل یونٹ، زچگی مراکز، واٹر فلٹریشن پلانٹس اور عارضی تعلیمی مراکز بھی قائم کیئے گے۔

الخدمت کی رضاکار خواتین فوری امداد پہنچانے کیلئے امدادی سامان کے ساتھ مستقل طور پر ہر ناگہانی آفت پر اپنے بھائیوں کے شانہ بشانہ میدانِ عمل میں موجود رہتی ہیں اور متاثرہ خاندانوں کی دادرسی کے ساتھ ساتھ دلجوئی بھی کرتی ہیں۔ ہمارے اسٹاک میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے امدادی سامان ہمہ وقت موجود رہتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Volunteers 62,805 | Shelter Homes 61,758 | Trainings 52 | Others (Cooked Food, Face Masks, Hand Sanitizers, Dengue Sprays, Sewing Machines) Quantity 82,574 |
| Hygiene Kits 41,249 | Response Centers 37 | Ration Packages 275,833 | Winter Packages 17,000 |

**Beneficiaries**
**3,886,097**

**Expenditure**
**7,948** Million PKR

# تصویری جھلکیاں
























# صحتِ عامہ

وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا

(سورۃ المائدہ : آیت 32)

جس نے ایک جان بچائی اس نے گویا پوری انسانیت کو بچایا

پاکستان میں جہاں صحت کی سہولتوں کے ناقص انتظامات ہیں وہاں تقریباً 60 فیصد آبادی کی رسائی بنیادی صحت کی سہولتوں تک نہیں ہے۔ الخدمت پورے ملک میں اپنی معمول کی صحت کی خدمات کے علاوہ مفت ادویات کی فراہمی، کچی آبادیوں میں فری میڈیکل کیمپس، فری کلینکس، لیبارٹری اور ڈائگنوسٹک سینٹر (Laboratory and Diagnostic Center) اور نقد امداد برائے علاج کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

صحت کے حوالے سے خواتین اور بچوں میں سیلف کیئر اویئرنیس (Selfcare Awareness) کے پروگرام کے تحت حفظانِ صحت کے اصولوں سے روشناس کے علاوہ الخدمت پورے ملک میں فرنٹ لائن ریلیف کے طور پر سامنے آئی۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ادویات اور دیگر میڈیکل سپلائز کی فراہمی کے علاوہ موبائل ہیلتھ یونٹس اور فیلڈ ہسپتال قائم کئے گئے۔ زچہ و بچہ مراکز میں محفوظ ماں محفوظ خاندان پروجیکٹ کے تحت ہائی جین (Hygiene) اور ڈلیوری کٹس (Delivery Kits) پہنچائی گئیں۔

| | |
|---|---|
| Beneficiaries | 9,962,917 |
| Expenditure | 5,344 Million PKR |
| Labortary & Colection Centers | 110 |
| Medical Centers | 69 |
| Hospitals | 45 |
| Medical Camps | 2,514 |
| Pharmacies | 46 |
| Ambulances | 305 |

# تصویری جھلکیاں






























# تعلیم

قُلْ هَلْ يَسْتَوِىْ الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

(سورة الزمر : آیت 9)

ان سے پوچھو، کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے دونوں یکساں ہوسکتے ہیں؟

پاکستان کا شمار ایسے ملکوں میں ہوتا ہے جہاں شرح خواندگی تشویش ناک حد تک کم ہے۔ جب کہ خواتین جن کے ہاتھوں میں نسلِ نو کی تربیت ہے، وہ خود 52 فیصد ناخواندہ ہیں۔ الخدمت کا تعلیم کے میدان میں بھی ہمہ جہتی اور لاثانی کام ہے۔ الفلاح اسکالرشپ اسکیم اور بنو قابل پروگرام کے ذریعے اعلیٰ تعلیم، پروفیشنل ڈگری اور کمپیوٹر ایجوکیشن حاصل کرنے کے خواہاں طلبہ و طالبات کیلئے ماہانہ وظائف کا اجراء، وسائل سے محروم بچوں کو انہی کی بستیوں میں مفت دینی تعلیم کے علاوہ پرائمری لیول تک کی تعلیم کیلئے اسکولوں کا قیام، اخلاقی تربیت کے حصول کیلئے اسٹارز آف اسلام کے نام سے چلڈرنز کلب، اسٹریٹ چلڈرن کیلئے چائلڈ پروٹیکشن سینٹر (سی پی سی) کے نام سے ابتدائی تعلیم اور اخلاقی تربیت، خواتین اور بچوں کا ان کے حقوق اور فرائض سے روشناس کروانے کیلئے اجتماعات اور آن لائن تربیتی کلاسز ہماری خدمات میں شامل ہیں۔

| | |
|---|---|
| Beneficiaries | 71,885 |
| Expenditure | 256 Million PKR |
| Alfalah Scholarships | 4,879 |
| Child Protection Centers | 49 |
| Skill Development Centers | 83 |
| Alkhidmat Schools | 54 |
| Hostels | 01 |

# تصویری جھلکیاں
























# صاف پانی

سعد بن عبادہؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور کہا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میری والدہ فوت ہو گئی ہیں، کیا میں اُن کی طرف سے صدقہ کر سکتا ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! پھر پوچھا: تو کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پانی پلانا۔ (سنن ابی داوٗد: حدیث نمبر 1683)

صاف پانی تک رسائی ہر انسان کا بنیادی حق گردانا جاتا ہے مگر وطنِ عزیز میں ایسے علاقوں کی کمی نہیں جہاں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترستے ہیں۔ الخدمت ملک بھر میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے عملاً کوشاں ہے۔ بارانی علاقوں میں بورنگ کے ذریعے ہینڈ پمپس کی تنصیب، دور دراز علاقوں میں کنوؤں کی کھدائی، پہاڑی علاقوں میں گریوٹی فلو اسکیم کے ذریعے چشموں کے پانی کو آبادیوں تک رسائی دی جاتی ہے۔ شہری علاقوں میں فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب اور واٹر اسکیم کے ذریعے پورے علاقے میں پانی کی فراہمی الخدمت کے پروگرام کا حصہ ہیں۔ ملک بھر کے صحرائی علاقہ جات بالخصوص چولستان، تھرپارکر اور بلوچستان پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

الخدمت نے سیلاب میں پورے فراہمی آب کے سسٹم کی تباہی کے بعد لاکھوں متاثرین کو اپنے فراہمی آب کے پروجیکٹس کے ذریعے غیر محفوظ پانی پینے اور وبائی امراض کا شکار ہونے سے بچایا۔

| | | |
|---|---|---|
| Water Wells 2,541 | Water Filtration Plants 229 | Submersible Water pumps 1,850 |
| Community Hand Pumps 12,074 | Gravity Flow Water Schemes 148 | Solar Submersible Water pumps 320 |

**Beneficiaries** 4,878,650

**Expenditure** 407 Million PKR

# تصویری جھلکیاں


























# کفالتِ یتامیٰ

> بیوہ اور یتیم کی کفالت کرنے والا ایسا ہے جیسے کوئی راہِ جہاد کرنے والا، گویا وہ قیام الیل میں تھکتا نہیں اور روزہ دار ہے تو افطار نہیں کرتا۔ (صحیح مسلم)

پاکستان کے لاکھوں یتیم بچوں کو بے شمار مسائل درپیش ہیں۔ معاشرے کا یہ سب سے زیادہ کمزور طبقہ ہے جو بنیادی ضروریاتِ زندگی سے محروم ہے۔ الخدمت وطنِ عزیز میں 20،000 سے زائد یتیموں کو تعلیم، صحت اور خوراک تک رسائی اپنے آرفن فیملی سپورٹ پروگرام کے ذریعے ان کی دہلیز تک پہنچاتا ہے۔ رجسٹرڈ بچوں کے کلسٹر (100 بچوں کا ایک کلسٹر کہلاتا ہے) پر ایک انچارج (فیملی سپورٹ آرگنائزر) مقرر ہے جو بچوں، ان کے خاندان اور تعلیمی ادارے کے سربراہ سے مسلسل رابطے میں رہتا ہے اور بچے کی تعلیم، خوراک اور صحت سمیت دیگر ضروریات کا خیال رکھتا ہے۔ ان سہولیات کے ساتھ ساتھ بچوں کی تربیت اور کردار سازی کیلئے مثالی مطالعاتی مراکز کے قیام کے ساتھ ساتھ ان کی ماؤں کی تربیت کیلئے بھی "باہمت ماؤں" کے نام سے تربیتی ورکشاپس منعقد کی جاتی ہیں اور انہیں خود کفیل بنانے کیلئے ان کی قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف ہنر سکھائے جاتے ہیں۔

Clusters
112

OFSP Orphans
19,973

CMCDP Strudy Centers
187

Orphans at Aghosh
1,627

Activities Held
1,668

Beneficiaries
21,600

Expenditure
1,972 Million PKR

# تصویری جھلکیاں




























# آغوش ہومز

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ کے ہاں سب سے محبوب گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو اور اس کا احترام کیا جاتا ہو۔" (مجمع الزوائد 8:160)

الخدمت کے تحت ملک بھر میں آغوش ہومز قائم ہیں۔ جن میں رجسٹرڈ یتیم بچوں کو گھر جیسا ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔ الخدمت بین الاقوامی معیارات کے مطابق پسماندہ بچے اور بچیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے ان کی صحت، تعلیم و تربیت کا بندوبست، رنج و تکلیف، محرومی کی زندگی سے نکال کر معاشرے کا کارآمد اور فعال کردار بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں الخدمت کے وژن کو بہت کامیابی ملی ہے۔ الحمد للہ اس وقت الخدمت کے تحت 21 آغوش ہومز موجود ہیں۔ اس کے علاوہ 7 مقامات پر آغوش ہومز زیر تعمیر ہیں اور عنقریب 5 مقامات پر نئے آغوش ہومز کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔

# آغوش ہوم شیخوپورہ - تصویری جھلکیاں


























# آغوش ہوم اسلام آباد-تصویری جھلکیاں


























# پاکستان بھر میں قائم آغوش ہومز

آغوش ہومز




آغوش ہومز 20

# مواخات

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو بھی مسلمان کسی مسلمان بھائی کو ایک قرض دو مرتبہ دیتا ہے تو وہ ایسا ہی ہے جیسے اس نے وہ مال ایک بار صدقہ کر دیا ہو۔ (سنن ابن ماجہ)

پاکستان دنیا کا پانچواں بڑا ملک ہے جہاں 44 فیصد نوجوان مرد اور 43 فیصد خواتین کاروبار کر کے خود کفیل ہونا چاہتے ہیں مگر مالیاتی بحران پاکستان میں کاروبار کو فروغ دینے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

الخدمت کشکول کے بجائے کفالت کے نظام کیلئے کوشاں ہے۔ بے روزگاری اور معاشی زوال کے اس دور میں ہر شہری باعزت طریقے سے روزگار کے حصول کیلئے پریشان ہے۔ الخدمت بلاسود مائکروفنانس قرضہ جات کی فراہمی ممکن بناتی ہے تاکہ خود کفالت کے نظام کی طرف پیش رفت ممکن ہو سکے۔

ادارہ الخدمت خواتین ٹرسٹ ترجیحاً بیوہ خواتین کیلئے سلائی مشینوں، لیپ ٹاپ، نجی پیمانے پر چھوٹے کاروبار شروع کرنے کیلئے فراہمی روزگار اور بلاسود قرضہ جات کی فراہمی کرتا ہے۔ انہیں نہ صرف کاروبار میں معاونت کی جاتی ہے بلکہ ان کی صلاحیتوں کے مطابق تکنیکی مہارتوں کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ تربیت بھی فراہم کی جاتی ہے۔

**Beneficiaries**
**11,208**

**Expenditure**
**323.9** Million PKR

Clusters
**46**

Loan Portfolio 2022
PKR **101.28 Million**

Small Business Loans Upto
PKR **75,000**

Beneficiaries 2022
**2,232**

Recovery Rate
**94%**

# تصویری جھلکیاں































# سماجی خدمات

> یقیناً اللہ تعالیٰ نے بعض لوگوں کو انسانی ضروریات کیلئے پیدا کیا ہے کہ ضرورت کے وقت عام لوگ اپنی ضرورت پوری کریں اور وہ ان کو پورا کریں۔ ایسے لوگ اللہ کے عذاب سے بے خوف رہیں گے اور امن کی زندگیاں بسر کریں گے۔ (طبرانی)

پاکستان میں تقریباً 39 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارتی ہے۔ سال 2022 میں ہونے والی قیامت خیز بارشوں نے سیلاب سے متاثر علاقوں میں تقریباً 7 سے 8 ملین افراد کو بے سروسامانی اور افلاس میں مبتلا کر دیا ہے۔

الخدمت اپنے کمیونٹی سروسز کے شعبے کے تحت پاکستان بھر میں بسنے والے کروڑوں غریب و بے سہارا افراد کیلئے زندگی کی شمع کی مانند ہے۔ الخدمت ماہانہ راشن کی فراہمی اور بالخصوص رمضان المبارک اور عید الفطر پر تحائف، عید قرباں پر گوشت کی فراہمی، موسم سرما میں گرم لباس اور بستر کی فراہمی، مساجد کی تعمیر، سستے بازاروں کا انعقاد، جیلوں میں قیدیوں کے بہبود کا کام، بلا تفریق رنگ و نسل کے وژن کے ساتھ اقلیتی برادریوں میں تحائف کی تقسیم کا کام کر رہی ہے۔ یوں الخدمت اس مہنگائی اور بے روزگاری سے ستائے ہوئے لوگوں کیلئے تازہ ہوا کا جھونکا ہونے کا کام سرانجام دے رہی ہے۔

- Food Packages 119,949
- Winter Packages 34,068
- Qurbani Beneficiaries 1,025,178
- Diwali & Christmas Gifts 12,177
- Wheelchairs Distribution 7,175
- Prisoners Welfare 2,292
- Masajid (Construction & Rehabilitation) 91

**Beneficiaries**
2,970,588

**Expenditure**
1,730 Million PKR

# تصویری جھلکیاں

























# تصویری جھلکیاں































# بین الاقوامی امداد

فرمان نبوی ﷺ:
رحم کرنے والوں پر رحمٰن رحم فرماتا ہے، تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔ (سنن ابو داؤد:2921)

الخدمت ضرورت کے وقت کسی بھی مقام پر دکھی انسانیت کی مدد کیلئے کمر بستہ رہی ہے۔ بدامنی یا ناگہانی آفات کی وجہ سے بنیادی ضروریات زندگی سے محروم افراد تک نقد امداد سے معاونت کی جاتی ہے۔ ماہر ڈاکٹر اور ریسکیو اور سرچ آپریشن کی مہارت رکھنے والی ٹیمیں متاثرہ علاقہ جات کی جانب روانہ کی جاتی ہیں۔ ہمسایہ ممالک میں ٹرکوں کے ذریعے امدادی اشیاء پہنچائی جاتی ہیں۔ وطن عزیز میں مقیم مہاجرین کیلئے خیمہ بستیاں تعمیر کی جاتی ہیں۔

برمی مہاجرین کی ایک بڑی آبادی کراچی کی ساحلی پٹی پر واقع بستی ''اراکان آباد'' کے نام سے آباد ہے۔ جہاں الخدمت خواتین ٹرسٹ پاکستان مختلف حوالوں سے علاج، خواتین کو ہنر مند بنانا، دینی و دنیاوی تعلیم، راشن کی تقسیم، لباس کی فراہمی وغیرہ میں امداد کر رہی ہے۔

ترکی میں شامی سرحد کے قریب جنگ وجدل میں ہونے والے یتیم بچوں کیلئے آغوش ہوم کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔

# تصویری جھلکیاں



























# اپیل

الخدمت ایک این جی او کا نام نہیں، الخدمت ایک برانڈ ہے۔۔۔
خدمت کا برانڈ۔۔۔
جس کا عزم، جس کا منشور مسلسل خدمت کرنا ہے۔

فلک بوس پہاڑوں اور لہو جما دینے والی یخ بستہ شاموں میں یا تپتے ریگزاروں، جان لیوا سیلابوں اور قدرتی آفات میں ایمان کی حرارت سے منور کاروانِ خدمت، الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ ٹرسٹ کی رضا کار، مخلص اور محنتی عملہ ہمہ تن مصروفِ عمل رہے ہیں۔

الخدمت ایک ہمدردی، حب الوطنی اور ایثار کا نام ہے، جس کی بے لوث خدمات اور شفافیت کے پیشِ نظر وطنِ عزیز کے مخیر بہنوں اور بھائیوں سے ہماری اپیل سے پہلے ہی ہر مصیبت کی گھڑی میں اپنے مالوں اور جانوں سے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں اور یہ وہ ہیں کہ جن کے مالوں میں سائل اور محروم کا ایک حصہ مقرر رہتا ہے۔

ہم اپنی تمام والنٹیئرز اور معاونین کے تہہ دل سے شکرگزار ہیں، جن کے تعاون سے ہزاروں خاندانوں کی دادرسی ممکن ہوئی۔ ہم اپنے رب سے دعا گو ہیں کہ ہم آپ سب کے اعتماد پر پورا اتریں اور وہ ہم سب کے اخلاصِ نیت سے کردہ اعمال کو اپنی جناب میں قبولیت کا درجہ عطا فرمائیں، آمین۔

غمزدہ چہروں کی مسکان بن جائیں۔۔۔
بے سہارا کسی دل کا نگہبان بن جائیں۔۔۔
الخدمت ٹرسٹ دکھی دلوں کو رنج و غم سے سکون و سلامتی کی طرف لے جانے کا عزم رکھتا ہے۔
نیکی کے اس سفر میں ہمارا ساتھ دیں۔
آئیں خوشیاں بانٹیں۔۔۔غم مٹائیں۔

**الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ ٹرسٹ پاکستان**

# آپ کی دی گئی زکوٰۃ اور عطیات کسی مستحق کا سہارا بن سکتے ہیں

**Orphans at Aghosh**
PKR 20,000
(Per Month Per Child)

**Orphan Family Support**
PKR 5,500
(Per Month Per Child)

**Medical Camp**
PKR 75,000

**Medical Supplies**
PKR 3,000

**Clinic Monthly Expense**
PKR 150,000

**Sadqah Goat**
PKR 20,000

**Wedding Package**
PKR 25,000

**Food Package**
PKR 6,000

**Winter Package**
PKR 5,000

**Masjid Rehabilitation**
PKR 2,500,000

**Per Sewing Machine**
PKR 15,000

**Interest Free Loan**
PKR 75,000 To 100,000

**Child Protection Center**
PKR 3,000
(Per Month Per Child)

**Alfalah Scholarship**
PKR 8,000

**Educational Kit**
PKR 5,000

**Hifz & Nazra Quran**
PKR 3,000

**Water Well**
PKR 220,000

**Community Hand Pump**
PKR 120,000

**Solar Submersible**
PKR 800,000

**Water Filtratiion Plant**
PKR 2,500,000

# بینک اکاؤنٹس کی تفصیل

## کراچی

| | |
|---|---|
| اکاؤنٹ ٹائٹل | الخدمت ٹرسٹ خواتین پاکستان |
| ایم سی بی بینک اکاؤنٹ نمبر | 01337010100013602 |
| آئی بی اے این | PK74 MUCB 0133 7010 1001 3602 |
| سوئفٹ کوڈ | MUCBPKKA |

## لاہور

| | |
|---|---|
| اکاؤنٹ ٹائٹل | الخدمت ٹرسٹ خواتین پاکستان |
| ایم سی بی بینک اکاؤنٹ نمبر | 0138801010016193 |
| آئی بی اے این | PK56 MUCB 0138 8010 1001 6193 |
| سوئفٹ کوڈ | MUCBPKKA |

## فیصل آباد

| | |
|---|---|
| اکاؤنٹ ٹائٹل | الخدمت خواتین ٹرسٹ پاکستان |
| ایم سی بی اسلامک بینک اکاؤنٹ نمبر | 0011000189710002 |
| آئی بی اے این | PK44 MCIB 0011 0001 8971 0002 |
| سوئفٹ کوڈ | MCIBPKKI |

## پشاور

| | |
|---|---|
| اکاؤنٹ ٹائٹل | الخدمت خواتین ٹرسٹ پاکستان |
| ایم سی بی بینک اکاؤنٹ نمبر | 0144801010007770 |
| آئی بی اے این | PK60 MUCB 0144 8010 1000 7770 |
| سوئفٹ کوڈ | MUCBPKKA |

## اسلام آباد

| | |
|---|---|
| اکاؤنٹ ٹائٹل | الخدمت خواتین ٹرسٹ پاکستان |
| فیصل بینک اکاؤنٹ نمبر | 01262023040006 |
| آئی بی اے این | PK95 FAYS 0001 2620 2304 0006 |
| سوئفٹ کوڈ | FAYSPKKA |

الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ (ٹرسٹ)
ALKHIDMAT FOUNDATION WOMEN WING (TRUST)
(Enrolled As: Al Khidmat Khawateen Trust Pakistan)

## Karachi (Head Office)

76-E, Block-6, PECHS, Adj. Jamia Masjid Al-Harmain, Karachi.
Tel: 0800-77778 | Email: info@alkhidmatkhawateen.org

## Regional Offices

### Lahore:

Bilal Street, F3 Block, Javed Colony, Behind Jamia Masjid Noor, Shoukat Town, Lahore.
Tel: 042 3592 4021-22

### Islamabad:

Meher Abadi, Badi Rasmat, Near Ramna Police Checkpost, Suzuki Stop, G-12/4, Islamabad.
Tel: 0333-5478578

### Faisalabad:

P-57, Azeemi Street, Officers Colony # 2, Faisalabad.
Tel: 041-8402926, 0321-8655536

### Peshawar:

Plot # A-106, Khyber Kaly, Opp: Madrassa Molana Maseh Gul, Ring Road, Hayatabad, Peshawar. Tel: 091-5611755, 0344-9333060, 0336-5957693

### Winder:

Alkhidmat Community Centre, Noor Muhammad Goth, Zila Lasbela, Winder, Balochistan. Tel: 0308-3924645

### Patriata:

Alkhidmat Community Center, Gulehra Gali, Near Masjid Hayat, Saurasi, Patriata.
Tel: 0334-4373683

www.akfwwt.org
akfwwt